© rasailojaraid.com

فضائل و مناقب بیان کئے گئے ہیں اس سے مراد صرف علم دین ہے، جب قرآن مجید کائنات ارض و سما کو اللہ کی آیات کہتا اور ان پر غور و خوض کرنے کی بار بار تاکید کرتا ہے تو پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ جس علم کے فضائل بیان کئے گئے ہیں اس سے مراد صرف علم دین ہی ہو بہتر تھا کہ لائق مولف ایک باب میں علم کی حقیقت پر بحث کر لیتے، حضرت آدم کو جس علم کی بنیاد پر خلیفہ رب اور مسجودِ ملائکہ ہونے کا شرف عطا فرمایا گیا وہ الاسماء کلہا کا علم ہے نہ کہ کوئی خاص ایک علم بلا اس کتاب کے دوسرے حصہ میں ان تمام امور کی وضاحت ہونی چاہیئے۔

تخلیق انسانی کا مقصد: از مولانا حبیب ریحان ندوی تقطیع خورد ضخامت ۲۲۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت تین روپے پچاس پیسے۔

پتہ: دار التصنیف والترجمہ ۱۳۔ مسجد شکور خان روڈ۔ بھوپال۔

یہ کتاب جو چھ ابواب پر منقسم ہے اس میں اہم ماحیۃ کی شریعت، اس کی تاریخ اور اس کے اغراض و مقاصد پر گفتگو کرنے کے بعد شریعت محمدیہ، اس کے اصول حیات اور اس ضمن میں خلافت، اسلامی نظام زندگی میں اس کی اہمیت و ضرورت پر بسط و تفصیل سے کلام کیا گیا ہے۔ خلافت کی بحث میں صحابہ کرام کے اختلافات اور ان کے مشاجرات کا تذکرہ ناگزیر تھا، لائق مصنف نے اس کا سرسری ذکر کرکے اجمالاً خلافت راشدہ کی سرگذشت بیان کی ہے: اور پھر وہ اچانک موجودہ زمانہ میں شرعی قوانین کی تنفیذ کی ضرورت و اہمیت کی طرف منتقل ہوگئے ہیں۔ موصوف ایک مدت سے لیبیا میں بحیثیت ایک استاد کے مقیم ہیں۔ لیبیا کی حکومت کے سربراہ کرنل قذافی ایک نہایت مخلص اور راسخ العقیدہ مسلمان ہیں۔ ان کا جذبہ ہے کہ صرف ان کے ملک میں نہیں بلکہ پورے عالم اسلام میں اسلامی اور شرعی قوانین نافذ ہوں۔ اس سلسلہ میں اس کی مساعی کا تذکرہ وقتاً فوقتاً اخبارات میں آتا رہتا ہے۔ اس سلسلہ میں ابھی پچھلے دنوں لیبیا میں ایک عظیم اسلامی کانفرنس بھی منعقد ہوئی تھی۔ جس میں مغرب ملکوں کے مشاہیر علماء نے شریک ہوکر اسلامی قانون کے مختلف مسائل و مباحث پر مقالات پڑھے۔ تقریریں کیں اور باہم

© rasailojaraid.com